سوال

کیا شادی سے قبل مسلمان نوجوان اپنی منگیتر کے ساتھ کہیں جاسکتا ہے ، اوراگرجائیں توان کے اس فعل سے کیا مرتب ہوگا ؟ دین اسلام میں شادی سے قبل لڑکی اورلڑکے کاایک ساتھ باہر نکل کرگھومنا کیسا ہے ؟

جواب

الحمدللہ

کسی بھی مرد کےلیے عورت سے خلوت کرنا جائز نہیں اس لیے کہ یہ فسق وفجوراور شروفساد کا باعث اورجڑ ہے ۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی کے بارہ میں فرمایا :

(جومرد بھی کسی عورت سے خلوت کرتا ہے توان دونوں کے ساتھ تیسرا شیطان ہوتا ہے) ۔

اگر توشادی کے عزم سے وہ منگیتر کودیکھنا چاہتا ہے اوراس میں خلوت بھی نہیں وہ اس طرح کہ اس کے ساتھ لڑکی کا والد یا بھائی یا اس کی والدہ یا کوئی اور محرم ہے اوراس میں بھی لڑکی کا چہرہ ، بال ، ہاتھ ، قدم دیکھیں جائیں تو یہ سنت اورجائز ہے ، لیکن اس میں بھی شرط یہ ہے کہ اگرفتنے کا ڈرنہ ہو توپھر ایسا کرنا جائز ہوگا اوراگرفتنے کا ڈر ہو توجائز نہیں ۔

واللہ اعلم .

اسلام سوال وجواب

7757